<u>Urdu News</u>

23-07-206 Dated: 07:40 pm

آداب

خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل اندرابی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔۔

ہیڈ لائنز:

*.... وزیراعظم نے پیپر لیک معاملے میں ملوث افراد کے خلاف فوری کارروائی کیلئے فاسٹ ٹریک عدالت قائم کرنے کا کیا اعلان۔

*.... لیفٹیننٹ گورنر نے اعلیٰ کی سطح کی ایک میٹنگ کے دوران موسمی صورتحال سے پیدا ہوئے حالات اور شری امرناتھ جی یاترا سے متعلق امور کا لیا جائزہ۔

*.... سرکار اختراعیت اور آنٹر پرنیورشپ کو بڑھاوا دینے کیلئے پُر عزم: وزیراعلیٰ

اور

*.... نشریات کا قومی دن آج

تفصیلات:

وزیراعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ مرکزی سرکار حالیہ پیپر لیک معاملے میں ملوث افراد کے خلاف فوری مقدمہ چلانے اور انہیں سخت سزا دینے کیلئے فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کرے گی۔
ایک سوشل میڈیا پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ طلباءکے مستقبل کا تحفظ سرکار کی اولین ترجیح ہے اور طالب علموں کے مفادات کے ساتھ کھلواڑ کرنے والوں کو کسی بھی صورت میں بخشا نہینجائے گا۔

جتندر سنگھ:

وزیراعظم کے دفتر میں وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے نیٹ پیپر لیک معاملے پر احتجاج کررہے طالب علموں سے سرکار کے ساتھ بات چیت کرنے کی دعوت دی ہے۔
میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے وزیرنے کہا کہ پچھلے 24گھنٹوں کے دوران احتجاج کررہے طالب علموں کے نمائندوں کو بات چیت کیلئے چار بار پیشکش کی گئی۔انہوں نے طالب علموں کو یقین دلایا کہ بات چیت میں وزیرصحت جے پی نڈا بھی موجود رہیں گے۔

پارلیمنٹ:

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج بھی مختلف معاملات پر اپوزیشن کے احتجاج کے نتیجے مینمتاثر رہی۔ راجیہ سبھا میں حزب اختلاف کے ممبران نے نیٹ پیپر لیک معاملے پر احتجاج کرتے ہوئے وزیرتعلیم کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا۔

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے ممبران کو یقین دلایا کہ سرکار دونوں ایوانونمیں کسی بھی معاملے پر بحث کرنے کیلئے تیار ہے۔ تاہم اس پر کوئی شرط نہیں لگانی چاہئے۔
وزیر کی یقین دہانی کے باوجود اپوزیشن نے اپنا احتجاج جاری رکھا، جس کے بعد راجیہ سبھا کی کارروائی پہلے سہ پہر 3بجے تک اور بعد میں پورے دن کیلئے ملتوی کی گئی۔
لوک سبھا میں اسی معاملے پر اپوزیشن کے شور وغل کے نتیجے میں ایوان کی کارروائی پہلے دو بجے تک اور پھر پورے دن کیلئے ملتوی کردی گئی۔

:ایل جی میٹنگ
لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج جموں وکشمیر پولیس، فوج، نیم فوجی دستوں، سیکورٹی ایجنسیوں اور سیول انتظامیہ کے اعلیٰ افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں جموں وکشمیر میں حالیہ بارشوں کے بعد پیدا ہوئے حالات اور شری امرناتھ جی یاترا کے تعلق سے موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔
میٹنگ کے دوران بتایا گیا کہ یاترا کے پہلے 20دنوں میں 3لاکھ 91ہزار سے زیادہ شردھالوؤں نے گپھا پر حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔
لیفٹیننٹ گورنر نے تمام محکموں اور ایجنسیوں کو آپس میں قریبی تال میل بنائے رکھنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ یاترا کی بحالی کا انحصار موسم کی بہتری پر ہے۔
میٹنگ میں فوج کی شمالی کمان کے سربراہ لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، ڈی جی پی نلین پربھات، پرنسپل سیکریٹری داخلہ چندراکر بھارتی اور دیگر کئی افسران نے شرکت کی۔

:EDI سی ایم

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں اختراعیت اور آنٹرپرنیور شپ کو بڑھاوا دینے کے اہتمام سے EDI کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیاہے۔ ایس کے آئی سی سی سرینگر میں آج منعقدہ آنٹرپرنیورشپ پروگام کا افتتاح کرنے کے موقعہ پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے اختراعی خیالات کو عملی شکل دینے میں انہیں ہر ممکن معاونت فراہم کی جارہی ہے۔
وزیراعلیٰ نے وہاں پر کئی طالب علموں کی جانب سے لگائے گئے آنٹرپرنیورشپ سٹالوں کامعائینہ کیا اور کئی اہل صنعت کاروں میں سیڈ فنڈنگ سپوٹ کی رقم تقسیم کی۔

:نائب وزیراعلیٰ
نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری نے موسمی تبدیلی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے حالات سے نمٹنے کیلئے طویل مدتی ڈیزاسٹر منیجمنٹ پلان ترتیب دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔
انہوں نے آج راجوری میں حالیہ سیلاب کے بعد پیدا ہوئے حالات اور راحت کاری کے کام کا جائزہ لیا۔انہوں نے ضروری خدمات کو ترجیحی بنیادوں پر بحال کرنے کی ہدایت دی۔

:جاوید رانا

دریں اثناءجل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے پونچھ ضلع میں مینڈھر علاقہ کا دورہ کرکے بارشوں اور سیلاب سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے اس علاقے میں جاری بازآباد کاری کے کام میں سرعت لانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے متاثرین کو سرکار کی جانب سے ہرممکن معاونت فراہم کرنے کا یقین دلایا۔

:چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت میں انتظامی عمل کی وسعت کو بڑھاوا دینے اور شفافیت کو مزید موثر بنانے کی صلاحیت موجود ہے۔ یہ بات انہوں نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران کہی، جس میں جموں کشمیر کے انتظامی عمل میں مصنوعی ذہانت کو استعمال کئے جانے سے متعلق پیش رفت کا جائزہ لیاگیا۔
چیف سیکریٹری نے مختلف محکموں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ قریبی رابطہ بنائے رکھنے کی ہدایت دی تاکہ آرٹیفیشل انٹیلی جینس کے مثبت اور فائدہ مند استعمال کو یقینی بنایا جاسکے۔

:ایل جی خراج

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے چندر شیکھر آزاد اور لوک مانیا بال گنگادھر تلک کو ان کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔الگ الگ سوشل میڈیا پوسٹس میں ایل جی نے انہیں عظیم مجاہدین آزادی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔

Break

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

GONG

:یوم نشریات

آج نشریات کا قومی دن ہے۔آج ہی کے دن 1927 میں ملک میں ریڈیو کی نشریات کا آغاز ہوا تھا۔
نشریات کی شروعات ممبئی سٹیشن سے ایک نجی براڈکاسٹنگ کمپنی کے ذریعے ہوئی تھی۔
اس دن کی مناسبت سے کئی تقاریب کا اہتمام کیا جارہاہے جن میں سماج میں مثبت تبدیلی لانے میں ریڈیو براڈکاسٹنگ کے اہم رول کو اجاگر کیا جارہاہے۔
آج کے دن کی افادیت کے بارے میں آکاشوانی سرینگر کے سابق ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل بشیر عارف نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

........Bashir Arif....

یہ ہیں معروف براڈکاسٹر ڈاکٹر ستیش ومل کے تاثرات۔

........Satish Vimal....

:گورو دیودی

آج کے دن کی مناسبت سے پرسار بھارتی کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر گورو دیویدی نے کہا ہے کہ پچھلی کئی دہائیوں کے دوران براڈ کاسٹنگ کا عمل ریڈیو سے ٹیلی ویژن اور ٹیلی ویژن سے ڈیجیٹل میڈیا کے ارتقا سے گزرا ہے۔

آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایک خصوصی بات چیت کے دوران انہوں نے کہا کہ پرسار بھارتی نے اس سارے عمل کے دوران اپنی پہچان قائم رکھی ہے۔

انہوں نے کہا کہ پرسار بھارتی اپنے سامعین تک وقت کے تقاضوں کے عین مطابق جدید ترین پروگرام پہنچاتی رہے گی۔

جووینائل جسٹس:

جموں کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے جج جسٹس سندھو شرما کی ہدایت کے مطابق جموں کشمیر جوڈیشل اکیڈمی کے اہتمام سے آج جووئینائل جسٹس بورڈس سے وابستہ پرنسپل مجسٹریٹس کیلئے صلاحیت سازی پروگرام منعقد کیاگیا۔

اکیڈمی کے سرینگر کیمپس میں منعقدہ اس پروگرام میں کشمیر صوبے سے وابستہ مجسٹریٹس نے ذاتی طور جموں صوبے کے مجسٹریٹس نے ورچیول موڑ کے ذریعے شرکت کی۔

پروگرام کے دوران شرکاءکو جووینائل جسٹس ایکٹ 2015کے مختلف پہلوو

---

ں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی گئی۔ئ

درخشان اندرابی:

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے آج سرینگر میں سلطان العارفین حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمتہ اللہ علیہ کے آستان عالیہ پر حاضری دی۔ انہوں نے وہاں سالانہ عرس کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

ڈاکٹر اندرابی نے آستان عالیہ پر جاری تجدیدی کام کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے عقیدت مندوں کیلئے تمام سہولیات دستیاب رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بی جے پی :

بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے ایوان میں جموں وکشمیر سوال اٹھایا۔ انہوں نے Unstarred کے تعلق سے مفت قانونی امداد کی فراہمی کے بارے میں ایک دشا اسکیم سے متعلق سرکار کی جائزہ رپورٹ سے متعلق تفصیلی رپورٹ طلب کی۔

اس دوران پارٹی کے سینئر لیڈر اور اسمبلی میں حزب اختلاف کے قائد سنیل شرما نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ عمرعبداللہ بقول اُن کے صاف حکمرانی فراہم کرنے میں ناکام رہے ہیں لہٰذا انہیں اس بارے میں کم بولنا چاہئے۔

این سی :

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ کچھ مفاد پرست سیاسی جماعتوں نے جموں کشمیرکے لوگوں کو سبز باغ دکھا کر ان کا استحصال کیاہے۔

سرینگرمیں آج پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے نئی دلی میں پارٹی کے احتجاجی پروگرا م کی بقول ان کے کامیابی پر اطمینان اظہار کیا۔ اجلاس کے دوران موسم کی تبدیلی کے نتیجے میں پیداشدہ حالات اور جان ومال کے نقصان پر افسوس کا اظہار کیا گیا۔

اس دوران پارٹی کے سابق رکن مرحوم غلام نبی سوگامی کی 45ویں برسی کے سلسلے میں آج کپوارہ میں ایک پروگرام منعقد ہوا۔

صدر جمہوریہ:

کا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد macedonia اور Moldova صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج رومانیا کے دورے پر پہنچ رہی ہیں۔
کے ساتھ وفد کے سطح کی بات چیت کریں گے۔ Nicusor Dan وہ رومانیا کے اپنے ہم منصب آکاشوانی کے نامہ نگارنے خبر دی ہے کہ صدر جمہوریہ کل بھارت ۔رومانیا بزنس فورم سے خطاب کرنے علاوہ وہاں رہ رہے بھارتیوں سے بھی بات چیت کریں گی۔

جے شنکر:
بھارت نے آبی گزرگاہوں کو متعلقین کیلئے کھلا رکھنے اور محفوظ بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے مغربی ایشیا میں جاری تنازعہ کے خاتمے کیلئے مذاکرات اور سفارتی کوششوں پر زور دیاہے۔
میں 21ویں ایسٹ ایشیا سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے Manila فلپینز کی راجدھانی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ آبی گزرگاہوں میں مال بردار جہازوں اور دیگر ڈھانچے پر بے وجہ حملوں کو کسی بھی صورت میں قبول نہیں کیا جانا چاہئے۔ انہوننے کہا کہ عالمی اقتصادیات کو مختلف چیلنجوں کا سامنا ہے۔

منڈاویا

---

:©
امور نوجوان اور کھیل کو دکے وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے گلاسگو میں دولت مشترکہ کے Shirley وزرائے کھیل کی میٹنگ کے حاشیے پر کامن ویلتھ کے منتخب سیکریٹری جنرل کے ساتھ باہمی مفاد کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ Ayorkor
میٹنگ کے دوران ڈاکٹر منڈاویا نے سیکریٹری جنرل موصوف کو بھارت میں کھیلوں کے منظرنامے خصوصاً کھیلو انڈیا کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔

دولت مشترکہ:

سکاٹ لینڈ کے شہر گلاسگو میں آج شام 23ویں دولت مشترکہ کھیل مقابلے شروع ہورہے ہیں۔ دس روز تک جاری رہنے والے ان مقابلوں میں 74ممالک شرکت کررہے ہیں۔ دولت مشترکہ کھیلوں بھارت کی Lovlina Borgohain میں اولمپک میڈل جیتنے والے نیرج چوپڑا، میرا بھائی چانو اور نمائندگی کریں گے۔
بھارتی ایتھلیٹس کا گروپ 125ممبران پر مشتمل ہے۔

آسام:
آسام میں چند روز سے جاری بارشوں اور سیلاب کے نتیجے میں تباہ کن حالات پیدا ہوگئے ہیں۔
تفصیلات کے مطابق بارشوں کی وجہ سے 41افراد ازجان ہوگئے ہیں۔
خبرونمیں بتایا گیا ہے کہ 6لاکھ سے زیادہ لوگ سیلاب کی وجہ سے متاثر ہوگئے ہیں۔ ریاست میں راحت اور بازآبادکاری کی کارروائیاں بڑے پیمانے پر جاری ہے۔

ڈی سی اننت ناگ:

موسلادھار بارشوں کے نتیجے میں پیدا ہوئے حالات کا جائزہ لینے کیلئے ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آج ضلعے کے حساس علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا۔
انہوننے دریائے جہلم اور دیگر کئی ندی نالوں میں پانی کی سطح کے بارے میں متعلقہ حکام سے تفصیلات طلب کیں۔
ڈپٹی کمشنر کو بتایاگیا کہ ضلعے کے نشیبی علاقوں میں جمع شدہ پانی کی نکاسی کیلئے ڈیواٹرنگ پمپ کام پر لگائے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے صورتحال پر مسلسل نگاہ رکھنے کی ہدایت دی۔

جی ایم شاہین:

جنتا دل یونائیٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے یوٹی کے مختلف اضلاع میں سیلابی صورتحال اور اس کے نتیجے میں ہوئے نقصانات پر تشویش کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے انتظامیہ سے تیاری کی حالت میں رہنے کا مطالبہ کیاہے، تاکہ کسی بھی امکانی چیلنج سے موثر طور نمٹا جاسکے۔

ناسازگار موسم:
شہرسرینگر سمیت وادی کے دیگر قصبہ جات میںآج مطلع ابر آلود ہے اور دن بھر وقفے وقفے سے بارشینہورہی ہیں۔
ناساز گار موسم کی وجہ سے سرینگر جموں قومی شاہراہ پر متعدد جگہونپر پسیاں اور چٹانیں گر آئی ہیں اور شاہراہ پر آج دوسرے دن بھی گاڑیوں کی آواجائی معطل رہی۔
ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے ایس ایس پی ٹریفک نیشنل ہائی وے راجا عادل حمید کے حوالے سے خبر دی ہے کہ شاہراہ کو قابل آمدورفت بنانے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔
ایس ایس پی موصوف نے آکاشوانی نیوز سرینگرکوتفصیلات دیتے ہوئے کہا۔
........SSP Traffic NH....
دریں اثناءبارشوں کی وجہ سے سالانہ شری امرناتھ جی یاتراآج پانچویں روز بھی معطل رکھی گئی اور جموں سے کسی بھی یاتری کو وادی کی طرف آنے کی اجازت نہیں دی گئی ۔

موسم
محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت21.6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت17.5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28.4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 36 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر38منٹ پر ہو گا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔